# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ نیوٹریشنل سائنسز اینڈ انوائرمینٹل ڈیزائن)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور طالب علم کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2025 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2026 | مشق نمبر 1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2026 | مشق نمبر 2 | 20-02-2026 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

کورس: غذا اور غذائیت (484)　　　　سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: گریجویٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

4- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

کامیابی کے نمبر (بی اے):40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 3)

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب مفصل تحریر کریں۔

سوال 1- غلے کو کیڑوں کے حملے سے بچاؤ کے لیے کون سی ادویات اور گیسز کا استعمال کیا جاتا ہے؟ تفصیلاً لکھیں۔ (20)

سوال 2- گوداموں کے مسائل، آبپاشی کے مسائل اور غیر موسمی حالات خوراک کی کمی کا سبب کیسے بن سکتے ہیں، دلائل سے جواب تحریر کریں۔
(20)

سوال 3- لحمیات کی کیمیاوی ساخت اور خصوصیات مفصل تحریر کریں۔ (20)

سوال 4- ضروری اور غیر ضروری امینو ترشوں میں فرق واضح کریں نیز لحمیات کی اقسام تحریر کریں۔ (20)

سوال 5- گلسرول اور گلیسرائیڈ پر مفصل مضمون تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

کامیابی کے نمبر (بی اے):40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 4 تا 7)

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب مفصل تحریر کریں۔

سوال 1- کاربوہائیڈریٹس کی اقسام کون سی ہیں؟ کسی دو کے بارے میں لکھیں۔ (20)

سوال 2- حیاتین ب 6 کی خصوصیات، کیمیاوی فارمولا جسم میں اس کے افعال اور اس کی کمی کے اثرات تحریر کریں۔ (20)

سوال 3- انسانی جسم کے لیے فولاد کی اہمیت لکھیں جسم میں اس کا انجذاب کیسے ہوتا ہے نیز ان عوامل کی بھی نشاندہی کیجیے جو اس کے انجذاب کو کم یا زیادہ کرتے ہیں۔ (20)

سوال 4- گندھک کا کیمیائی فارمولا لکھیں نیز گندھک کی جسم کے لیے اہمیت، اس کے حاصل کرنے کے ذرائع اور روزمرہ ضرورت کے بارے میں تحریر کریں۔ (20)

سوال 5- انسانی جسم کے لیے سوڈیم کی اہمیت لکھیں نیز اس کے حاصل کرنے کے ذرائع اور روزمرہ ضرورت کے بارے میں تحریر کریں۔ (20)